# اشتہار برائے ٹھیکہ کینٹین گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین ہری پور سال 2026-2027

کالج ہذا کو ٹھیکہ کینٹین برائے سال 2026-2027 کے لیئے حامل افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ شرائط و تفصیل درج ذیل ہیں۔

شرائط:

1. کینٹین میں اسٹالز کی تنصیب و نگرانی ٹھیکیدار خود کرے گی۔
2. کینٹین کا ماہوار کرایہ محکمہ C&W ہری پور طے کرے گا۔ جسے ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک کالج ہذا میں لازمی جمع کروانا ہو گا۔
3. معیار و مقدار اور نرخ پر سختی سے پابندی کرنا لازمی ہو گی۔ اگر متعلقہ ٹھیکیدار ناقص معیار کی اشیاء جو صحت کے اصولوں کے خلاف ہوں فروخت کرے گا تو کسی بھی وقت اس کا ٹھیکہ منسوخ کیا جا سکتا ہے۔
4. کینٹین مختص کیے جانے کی صورت میں ٹھیکیدار کو تین دن کے اندر مبلغ 20000 روپے زر ضمانت (قابل واپسی) کالج کے اکاؤنٹ میں جمع کروانے ہوں گے۔
5. ٹھیکہ برائے کینٹین کی مدت ایک تعلیمی سال پر محیط ہو گی جو کہ 01 ستمبر 2026 سے 30 جون 2027 تک ہو گی۔
6. ٹینڈر فارم برائے کینٹین کالج ہذا سے دفتری اوقات میں 08 اگست 2026 سے 22 اگست 2026 تک بعوض مبلغ 500 روپے ادائیگی پر وصول کئے جا سکتے ہیں۔
7. ٹینڈر فارم صرف رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے۔
8. خواہشمند حضرات حاصل کردہ ٹھیکہ فارم برائے کینٹین ہر لحاظ سے مکمل کر کے رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے 22 اگست 2026 تک بنام پرنسپل کالج ہذا ارسال کر سکتے ہیں۔ لفافہ پر ٹینڈر فارم برائے کینٹین تحریر کرنا ضروری ہے۔
9. وصول شدہ ٹھیکہ فارم موصول بزریعہ رجسٹرڈ ڈاک دن 10 بجے بروز پیر مورخہ 24 اگست 2026 درخواست دہندگان یا انکے نمائندوں کی موجودگی میں پرنسپل صاحبہ کے دفتر میں کھولے جائیں گے۔
10. ٹینڈر فارم پر کسی بھی قسم کی تنسیخ یا دوبارہ لکھائی قبول نہیں کی جائے گی۔
11. کالج کینٹین میں ڈسپوزل پیالے و پلیٹس استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔
12. کامیاب ٹھیکیدار اگر 01 ستمبر 2026 تک کینٹین شروع نہ کر سکی یا مقررہ مدت ٹھیکہ سے پہلے چھوڑ گئی تو اسکی زر ضمانت بحق سرکار ضبط ہو جائے گی اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنے والی امیدوار کو دیا جائے گا۔
13. سیکورٹی تحفظات کے باعث ٹھیکیدار کو کالج کینٹین کے کام کرنے والے عملہ کی مکمل تفصیلات کالج کو فراہم کرنی ہوں گی۔
14. اشیاء کے غیر حقیقی اور ناقابل عمل نرخ قابل قبول نہیں ہوں گے۔
15. کامیاب ٹھیکیدار کینٹین پر جو تعمیراتی اخراجات کرے گی۔ کالج انتظامیہ کو اس سے کوئی سروکار نہیں ہو گا۔ البتہ اسٹالز کے ڈیزان کی منظوری کالج انتظامیہ کی مرضی سے مشروط ہو گی اور مدت ٹھیکہ کی تکمیل پر تنصیبی اخراجات کی اکھاڑ پچھاڑ سے کالج انتظامیہ پر کوئی زمہ داری نہیں ہو گی۔
16. ٹھیکہ برائے کینٹین کسی دوسرے ٹھیکیدار پر فروخت یا منتقل نہیں کر سکے گی و گرنہ ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔
17. کالج ہذا کی کینٹین میں بجلی اور گیس کی سہولت موجود ہے جن کے میٹرز الگ ہیں, بجلی اور گیس کے بل ہر ماہ باقاعدگی کے ساتھ جمع کروانا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہو گی، غیر ذمہ داری کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے۔
18. ٹھیکہ منظور ہونے کے بعد اشیاء کی قیمتوں کی فہرست آویزاں کی جائے گی۔
19. ٹھیکیدار کالج اوقات کار کی پابندی کرے گی۔
20. یہ ٹھیکہ صرف موجودہ تعلیمی سال 27-2026 کے لیے ہو گا، جو 01 ستمبر 2026 سے 30 جون 2027 تک نافذ العمل رہے گا۔
21. کینٹین کے اندر تمام خواتین کا عملہ کام کرے گا۔
22. کنٹین میں پلاسٹک ریپر میں بند کسی بھی قسم کی اشیاء جیسے چپس، بسکٹ، ٹافی، چاکلیٹ وغیرہ کی فروخت کی اجازت نہیں ہو گی۔

پرنسپل

گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین ہری پور

Principal
Govt. Postgraduate College
for Women Haripur

# پیشکش نرخ نامہ برائے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین ہری پور

## برائے سال 2026-2027

### پیشکش نرخ نامہ برائے کینٹین

| نمبر شمار | نام اشیاء | نرخ | ریمارکس |
|---|---|---|---|
| (1 | چائے فی کپ 125 ml | | |
| (2 | بریانی سادہ سنگل | | |
| (3 | چاول چنے بمعہ سلاد سنگل | | |
| (4 | چکن بریانی سنگل | | |
| (5 | چنا سموسہ چاٹ سنگل | | |
| (6 | چنا چاٹ سنگل | | |
| (7 | پکوڑے بمع چٹنی فی پاؤ | | |
| (8 | مکرونی ایک پلیٹ | | |
| (9 | فرنچ فرائیز ایک پاؤ | | |
| (10 | کولڈ ڈرنک ریگولر/1.5 لیٹر | | |
| (11 | جوس | | |

پرنسپل
گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے
خواتین ہری پور

Principal
Govt. Postgraduate College
for Women Haripur